12دسمبر 2021ء

# اسٹیٹ بینک آسان موبائل اکاؤنٹ کا آغاز کرے گا

بینک دولت پاکستان پیر 13 دسمبر 2021ء کو ایک نئی اسکیم آسان موبائل اکاؤنٹ جاری کرے گا۔ یہ اسکیم قومی مالی شمولیت حکمت عملی کے تحت تیار کی گئی ہے جس کا مقصد برانچ لیس بینکنگ میں ریموٹ اکاؤنٹ میں مزید آسانی پیدا کرنا ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ صارفین اپنے گھر میں بیٹھ کر برانچ لیس بینکاری کے شریک فراہم کنندگان کے ساتھ اپنے اکاؤنٹ کھول سکیں گے اور آپریٹ کر سکیں گے اور انہیں برانچز میں جانے کی ضرورت نہیں ہوگی۔

یہ طریقہ کار اسٹیٹ بینک، پاکستان ٹیلی کمیونی کیشن اتھارٹی (پی ٹی اے)، نیشنل ڈیٹابیس اینڈ رجسٹریشن اتھارٹی (نادرا)، برانچ لیس بینکنگ کے 13 پرووائیڈرز، تمام سیلولر فون آپریٹرز (سی ایم اوز) اور ورچوئل ریمی ٹنس گیٹ وے (وی آر جی) کے اشتراک سے تیار کیا گیا ہے۔ آسان موبائل اکاؤنٹ کے لیے برانچ لیس بینکنگ پرووائیڈرز اور سیلولر فون آپریٹرز ایک انٹر آپریبل پلیٹ فارم مہیا کرنے کے لیے مل کر کام کر رہے ہیں تاکہ کوئی بھی پاکستانی بینک اکاؤنٹ کھول سکے۔

آسان موبائل اکاؤنٹ کم آمدنی والے طبقات تک، جن کی انٹرنیٹ تک رسائی نہیں، پہنچنے میں اہم کردار ادا کرے گا۔ مزید یہ کہ آسان موبائل اکاؤنٹ خواتین صارفین کو آن بورڈ لانے کے لیے بھی ایک بہترین طریقہ ہوگا۔

**************************